بیاد گارِ مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری صاحب

Daily AFAAQ Srinagar

جمعرات ۳۰ جولائی ۲۰۲۶ء بمطابق ۱۵ صفرالمظفر ۱۴۴۸ھ

## اقوال زریں

اگر خواب بڑا ہے تو مشکلات بھی چھوٹی محسوس ہوں گی ۔ لیس براؤن

## آوارہ کتوں کی بڑھتی آبادی: ایک سنگین چیلنج

وادی کشمیر آج ایک ایسے عوامی مسئلے سے دوچار ہے جس نے شہریوں کی روزمرہ زندگی کو شدید متاثر کر دیا ہے۔ یہ مسئلہ آوارہ کتوں کی بے تحاشا بڑھتی ہوئی تعداد کا ہے۔ گزشتہ کئی برسوں کے دوران ان کی آبادی میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ اس پر قابو پانے کے لئے متعلقہ اداروں، خصوصاً میونسپل کارپوریشنوں اور دیگر شہری انتظامیہ کی جانب سے اب تک کوئی ایسی جامع اور دیرپا پالیسی سامنے نہیں آسکی جو اس سنگین مسئلے کا مؤثر حل پیش کر سکے۔

سرینگر سمیت وادی کے دیگر علاقوں میں صورتحال روز بروز تشویشناک ہوتی جا رہی ہے۔ صبح سویرے اور شام ڈھلتے ہی آوارہ کتوں کے غول سڑکوں، گلیوں، پارکوں اور رہائشی کالونیوں میں دندناتے پھرتے نظر آتے ہیں۔ عوام میں خوف اس قدر بڑھ چکا ہے کہ بزرگ، خواتین اور بچے گھروں سے نکلنے سے بھی گھبراتے ہیں۔ نمازِ فجر کے لئے مساجد جانے والے نمازیوں کو بھی کئی مقامات پر شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

حالیہ دنوں ایک معروف ڈاکٹر نے گلبرگ کالونی حیدرپورہ، سرینگر کی صبح کے وقت لی گئی ایک تصویر سوشل میڈیا پر شیئر کی، جس میں درجنوں آوارہ کتے پوری کالونی میں گھومتے دکھائی دے رہے ہیں۔ مقامی لوگوں کے مطابق اس صورتحال کے باعث نمازِ فجر کے لیے مسجد جانا بھی ایک آزمائش بن چکا ہے۔ اگرچہ یہ ایک کالونی کی مثال ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ سرینگر کے بیشتر علاقوں میں اس سے ملتی جلتی صورتحال پائی جاتی ہے اور شہری خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں۔

یہ مسئلہ صرف خوف تک محدود نہیں بلکہ انسانی جانوں سے بھی جڑا ہوا ہے۔ ہر سال متعدد افراد، خصوصاً معصوم بچے اور بزرگ، آوارہ کتوں کے حملوں کا شکار ہوتے ہیں۔ کئی متاثرین کو شدید زخمی ہونے کے بعد اینٹی ریبیز ویکسین اور طویل طبی علاج سے گزرنا پڑتا ہے۔ یہ واقعات نہ صرف متاثرہ خاندانوں کے لیے ذہنی اذیت کا باعث بنتے ہیں بلکہ صحت کے نظام پر بھی اضافی بوجھ ڈالتے ہیں۔ بدقسمتی سے ہر ایسے واقعے کے بعد حکومتی سطح پر بیانات، یقین دہانیاں اور وقتی اقدامات تو ضرور سامنے آتے ہیں، مگر زمینی حقیقت میں کوئی نمایاں تبدیلی دکھائی نہیں دیتی۔ یہی وجہ ہے کہ عوام میں یہ احساس مضبوط ہو رہا ہے کہ متعلقہ ادارے مسئلے کی سنگینی کو سمجھنے کے باوجود مؤثر حکمت عملی اختیار کرنے میں ناکام رہے ہیں۔

اس مسئلے کا حل کسی غیر انسانی یا غیر قانونی طریقہ کار میں نہیں بلکہ ایک سائنسی، منظم اور طویل المدتی حکمت عملی میں پوشیدہ ہے۔ دنیا کے مختلف ممالک میں آوارہ کتوں کی آبادی کو کنٹرول کرنے کے لئے نس بندی و ویکسینیشن، مناسب شیلٹرز کے قیام، کچرے کے مؤثر انتظام اور عوامی آگاہی جیسے اقدامات کامیابی سے اختیار کئے گئے ہیں۔ کشمیر میں بھی انہی خطوط پر ایک مربوط اور قابلِ عمل پالیسی وضع کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ شہروں میں کچرے کی غیر سائنسی تلفی بھی آوارہ کتوں کی تعداد بڑھانے کی ایک بڑی وجہ ہے۔ جگہ جگہ پڑا ہوا کوڑا کرکٹ ان جانوروں کے لئے خوراک کا مستقل ذریعہ بن جاتا ہے، جس سے ان کی افزائش میں اضافہ ہوتا ہے۔ لہٰذا صفائی کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنا بھی اس مسئلے کے حل کا لازمی حصہ ہونا چاہیے۔ اس ضمن میں سپریم کورٹ کی ہدایات کو ملحوظ نظر رکھ کر اقدامات اٹھانے چاہیے۔ جن میں اہم قدم ان آوارہ کتوں کیلئے شیلٹرز کے قیام کا ہے جہاں انہیں منظم طریقے سے قابو میں رکھا جاسکتا ہے۔

کسی بھی مہذب معاشرے کی پہچان یہ ہے کہ وہاں انسانوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہو۔ اگر آج اس مسئلے کو سنجیدگی سے نہ لیا گیا تو آنے والے برسوں میں یہ صرف شہری پریشانی کا مسئلہ نہیں رہے گا بلکہ ایک بڑے عوامی صحت کے بحران کی صورت اختیار کر سکتا ہے۔ حکومت کے لئے ضروری ہے کہ وہ وقتی اعلانات سے آگے بڑھتے ہوئے ایک قابلِ عمل، شفاف اور مؤثر پالیسی نافذ کرے تاکہ وادی کے عوام بلا خوف و خطر اپنے گھروں سے نکل سکیں اور کشمیر کے شہری علاقوں میں دوبارہ احساسِ تحفظ بحال ہو سکے

## سوشل میڈیا: نعمت یا آزمائش؟

تحریر: ثناء اللہ

انسانی تاریخ میں بعض ایجادات نے زندگی کا انداز ہی بدل کر رکھ دیا۔ طباعت، ریڈیو، ٹیلی ویژن اور انٹرنیٹ کے بعد سوشل میڈیا ایک ایسی طاقت بن کر سامنے آیا ہے جس نے دنیا کو حقیقی معنوں میں ایک عالمی گاؤں میں تبدیل کر دیا ہے۔ آج چند لمحوں میں ایک خبر، ایک تصویر، ایک ویڈیو یا ایک تحریر دنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک پہنچ جاتی ہے۔ علم کا حصول آسان ہوا، فاصلے سمٹ گئے اور اظہارِ رائے کے بے شمار مواقع پیدا ہوئے۔ لیکن اسی کے ساتھ ایک اہم سوال بھی جنم لیتا ہے: کیا سوشل میڈیا واقعی ایک نعمت ہے یا یہ ہمارے لیے ایک آزمائش بن چکا ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ سوشل میڈیا نہ تو بذاتِ خود نعمت ہے اور نہ آزمائش، بلکہ اس کا استعمال ہی اسے نعمت یا آزمائش بناتا ہے۔ چاقو سے پھل بھی کاٹا جا سکتا ہے اور کسی کو نقصان بھی پہنچایا جا سکتا ہے۔ یہی مثال سوشل میڈیا پر بھی صادق آتی ہے۔ اگر اسے خیر، علم، دعوت، اصلاح، خدمتِ خلق اور شعور بیدار کرنے کے لیے استعمال کیا جائے تو یہ ایک عظیم نعمت ہے، لیکن اگر اسے جھوٹ، نفرت، فحاشی، غیبت، بہتان، کردار کشی اور وقت کے ضیاع کا ذریعہ بنا لیا جائے تو یہی سہولت ایک بڑی آزمائش میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ قرآنِ کریم مسلمانوں کو ہر معاملے میں ذمہ داری، احتیاط اور تحقیق کا درس دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں": اے ایمان والو! اگر کوئی فاسق تمہارے پاس کوئی خبر لے کر آئے تو اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو، کہیں ایسا نہ ہو کہ تم لاعلمی میں کسی قوم کو نقصان پہنچا دو، پھر اپنے کیے پر پشیمان ہونا پڑے۔" (سورۃ الحجرات (6: یہ آیتِ کریمہ آج کے ڈیجیٹل دور میں پہلے سے کہیں زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔

سوشل میڈیا پر ہر لمحہ ہزاروں خبریں، تصاویر اور ویڈیوز گردش کرتی رہتی ہیں۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ بہت سے لوگ تحقیق کیے بغیر ہر پیغام کو آگے بڑھا دیتے ہیں۔ جھوٹی خبریں، جعلی تصاویر اور من گھڑت ویڈیوز لمحوں میں لاکھوں افراد تک پہنچ جاتی ہیں، جس سے نہ صرف افراد بلکہ اداروں اور پورے معاشرے کو نقصان پہنچتا ہے۔ ایک ذمہ دار مسلمان کی شان یہی ہے کہ وہ ہر خبر کی تصدیق کرے اور غیر مصدقہ معلومات کو پھیلانے سے اجتناب کرے۔ اسلام زبان کی حفاظت پر بھی غیر معمولی زور دیتا ہے۔ رسول اکرمؐ نے فرمایا": جو شخص اللہ تعالیٰ اور یومِ آخرت پر ایمان رکھتا ہو، اسے چاہیے کہ اچھی بات کہے یا خاموش رہے۔" (صحیح بخاری 6018: ، صحیح مسلم: (47)

اگرچہ یہ ارشاد زبان کے بارے میں ہے، لیکن موجودہ دور میں اس کا اطلاق ہماری تحریروں، تبصروں، پوسٹوں اور پیغامات پر بھی ہوتا ہے۔ سوشل میڈیا پر لکھا گیا ہر لفظ ہماری شخصیت، اخلاق اور ایمان کی نمائندگی کرتا ہے۔ ایک نامناسب تبصرہ، توہین آمیز جملہ یا جھوٹا الزام نہ صرف کسی کی عزت کو مجروح کر سکتا ہے بلکہ آخرت میں جواب دہی کا سبب بھی بن سکتا ہے۔ بدقسمتی سے سوشل میڈیا نے غیبت، بہتان، کردار کشی اور نفرت انگیز گفتگو کو بھی آسان بنا دیا ہے۔ کسی شخص کی ذاتی زندگی پر تبصرہ کرنا، اس کی خامیاں تلاش کرنا، بے بنیاد الزامات لگانا یا اس کی عزت کو مجروح کرنا اسلامی تعلیمات کے سراسر خلاف ہے۔ قرآنِ کریم میں اللہ تعالیٰ نے غیبت کو اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھانے سے تشبیہ دے کر اس گناہ کی سنگینی واضح فرمائی ہے۔

یہ مثال ہر صاحبِ ایمان کو یہ احساس دلاتی ہے کہ دوسروں کی عزت و آبرو کی حفاظت بھی عبادت ہے۔ سوشل میڈیا کا ایک بڑا نقصان وقت کا ضیاع بھی ہے۔ لاکھوں افراد روزانہ کئی کئی گھنٹے غیر ضروری ویڈیوز، فضول مباحث، بے مقصد تفریح اور لایعنی مواد دیکھنے میں گزار دیتے ہیں۔ قیمتی وقت، جو علم حاصل کرنے، عبادت کرنے، والدین کی خدمت، اہلِ خانہ کے ساتھ وقت گزارنے، مطالعہ کرنے یا معاشرے کی بھلائی میں صرف ہونا چاہیے، وہ اسکرین کے سامنے ضائع ہو جاتا ہے۔ ایک کامیاب مسلمان وہی ہے جو اپنے وقت کی قدر پہچانے، کیونکہ زندگی کا ہر لمحہ اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ امانت ہے۔ اس کے باوجود سوشل میڈیا کے مثبت پہلوؤں سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ آج دینی تعلیمات، قرآنِ کریم کی تلاوت، احادیثِ مبارکہ کی تشریح، آن لائن تعلیم، رفاہی سرگرمیاں، خون کے عطیات، قدرتی آفات میں امدادی مہمات، گمشدہ افراد کی تلاش اور علمی مواد کی ترویج میں سوشل میڈیا نے نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ اگر اس طاقت کو حکمت، دیانت اور ذمہ داری کے ساتھ استعمال کیا جائے تو یہ معاشرے میں مثبت تبدیلی کا مؤثر ذریعہ بن سکتا ہے۔ والدین کی ذمہ داری بھی پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے۔ بچوں اور نوجوانوں کو صرف موبائل فون یا انٹرنیٹ فراہم کر دینا کافی نہیں، بلکہ انہیں یہ بھی سکھانا ضروری ہے کہ سوشل میڈیا کا صحیح استعمال کیا ہے، کس قسم کے مواد سے بچنا چاہیے، کن لوگوں سے رابطہ رکھنا چاہیے اور اپنی نجی معلومات کو کس طرح محفوظ بنانا چاہیے۔

اگر تربیت کے اس پہلو کو نظر انداز کر دیا جائے تو یہی سہولت مستقبل میں اخلاقی، تعلیمی اور معاشرتی مسائل کا سبب بن سکتی ہے۔ اسی طرح نوجوانوں کو بھی چاہیے کہ وہ اپنی شناخت، عزت، کردار اور وقت کی حفاظت کریں۔ انہیں ایسی سرگرمیوں سے دور رہنا چاہیے جو ان کے دین، اخلاق یا مستقبل کو نقصان پہنچا سکتی ہوں۔ یاد رکھنا چاہیے کہ انٹرنیٹ پر لکھی گئی ہر بات، شیئر کی گئی ہر تصویر اور پوسٹ کیا گیا ہر تبصرہ ایک مستقل ریکارڈ بن جاتا ہے، جو کبھی بھی انسان کی شخصیت کا تعارف بن سکتا ہے۔ علماء، اساتذہ، صحافیوں اور اہلِ قلم پر بھی بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ سوشل میڈیا کو اصلاح، تعلیم، دعوت اور شعور بیدار کرنے کا ذریعہ بنائیں۔


اگر اہلِ حق اس میدان سے کنارہ کش ہو جائیں تو جھوٹی معلومات، گمراہ کن افکار، فتنہ انگیز نظریات اور اخلاق باختہ مواد زیادہ تیزی سے پھیلنے لگتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ حق بات کو حکمت، حسنِ اخلاق اور مضبوط دلائل کے ساتھ عام کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ قرآنِ کریم میں فرماتے ہیں": اور جس بات کا تمہیں علم نہ ہو، اس کے پیچھے نہ پڑو۔ بے شک کان، آنکھ اور دل، ان سب کے بارے میں پوچھا جائے گا۔" (سورۃ الاسراء: (36 یہ آیت واضح کرتی ہے کہ انسان اپنی ہر بات اور ہر عمل کے بارے میں جواب دہ ہے۔ سوشل میڈیا پر لکھی جانے والی ہر سطر، ہر تبصرہ اور ہر پیغام بھی اسی جواب دہی کا حصہ ہے۔ رسول اکرمؐ نے فرمایا": مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔" (صحیح بخاری: 10، صحیح مسلم: (40

آج کے دور میں "ہاتھ" میں موبائل فون بھی شامل ہے، جس کے ذریعے ایک لمحے میں کسی کی عزت اچھالی جا سکتی ہے یا کسی کی دل آزاری کی جا سکتی ہے۔ اس لیے ایک مسلمان کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے آن لائن کردار کو بھی اتنا ہی پاکیزہ رکھے جتنا اپنی عملی زندگی کو۔ آج افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ سوشل میڈیا پر مقبولیت حاصل کرنے کی دوڑ میں بعض افراد اخلاقی حدود کو بھی پامال کر دیتے ہیں۔ زیادہ "ویوز"، "لائکس" اور "فالوورز" کی خواہش میں ایسی ویڈیوز، تصاویر اور تحریریں شائع کی جاتی ہیں جو اسلامی اقدار کے خلاف ہونے کے ساتھ ساتھ معاشرے میں اخلاقی بگاڑ بھی پیدا کرتی ہیں۔ حالانکہ ایک مسلمان کی اصل کامیابی لوگوں کی تعریف نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول ہے۔ قرآنِ کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں": انسان کوئی بات زبان سے نہیں نکالتا مگر اس کے پاس ایک نگہبان، ہر وقت تیار رہتا ہے۔" (سورۃ ق (18: یہ آیت ہمیں احساس دلاتی ہے کہ جس طرح زبان سے نکلنے والا ہر لفظ محفوظ کیا جا رہا ہے، اسی طرح سوشل میڈیا پر لکھی جانے والی ہر تحریر، ہر تبصرہ اور ہر پیغام بھی ہمارے اعمال کا حصہ ہے۔ رسولِ اکرمؐ نے فرمایا": عقل مند وہ ہے جو اپنے نفس کا محاسبہ کرے اور موت کے بعد کی زندگی کے لیے عمل کرے۔" (جامع ترمذی (2459 :)

یہ حدیث ہمیں یاد دلاتی ہے کہ ایک مؤمن ہر قدم سوچ سمجھ کر اٹھاتا ہے۔ وہ وقتی جذبات، شہرت یا لوگوں کی پسندیدگی کے لیے ایسا کوئی عمل نہیں کرتا جو اللہ تعالیٰ کی ناراضی کا سبب بن جائے۔ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنی نئی نسل کو صرف جدید ٹیکنالوجی استعمال کرنا ہی نہ سکھائیں بلکہ اس کے صحیح، ذمہ دارانہ اور اخلاقی استعمال کی تربیت بھی دیں۔ تعلیمی ادارے، والدین، علماء، اساتذہ، صحافی اور اہلِ قلم سب کو مل کر ایسا ماحول پیدا کرنا ہوگا جہاں سوشل میڈیا علم، کردار، شعور، دعوت اور خیر کا ذریعہ بنے، نہ کہ انتشار، نفرت اور بے راہ روی کا۔ اگر ہم ہر پیغام بھیجنے سے پہلے یہ سوچ لیں کہ کیا یہ بات اللہ تعالیٰ کی رضا کے مطابق ہے؟ کیا اس سے کسی کی عزت مجروح تو نہیں ہوگی؟ کیا یہ خبر درست اور مستند ہے؟ اور کیا اس سے معاشرے میں خیر پھیلے گی؟ تو یقیناً سوشل میڈیا ہمارے لیے رحمت، اصلاح اور بھلائی کا ذریعہ بن جائے گا۔ آخر میں یہی کہا جا سکتا ہے کہ سوشل میڈیا بذاتِ خود نہ نعمت ہے اور نہ آزمائش، بلکہ اس کا صحیح یا غلط استعمال ہی اس کی حقیقت کا تعین کرتا ہے۔ اگر ہماری پوسٹ، ویڈیو، تحریر یا تبصرہ کسی کی اصلاح، تعلیم، حوصلہ افزائی یا بھلائی کا سبب بنے تو یہ ہمارے لیے صدقۂ جاریہ بن سکتا ہے، اور اگر یہی ذرائع جھوٹ، غیبت، بہتان، فتنہ یا گناہ کا وسیلہ بن جائیں تو یہی ہمارے خلاف گواہی بھی دیں گے۔

آیئے! عہد کریں کہ ہم سوشل میڈیا کو محض تفریح اور وقت گزاری کا ذریعہ نہیں، بلکہ ایک امانت اور ذمہ داری سمجھ کر استعمال کریں گے۔ ہر خبر کی تحقیق کریں گے، اپنی زبان اور قلم کی حفاظت کریں گے، وقت کی قدر کریں گے اور اپنے آن لائن کردار کو بھی اتنا ہی پاکیزہ بنائیں گے جتنا اپنی عملی زندگی کو بنانا چاہتے ہیں۔ یہی اسلام کی تعلیم ہے، یہی ایک ذمہ دار مسلمان اور باکردار شہری کا شیوہ ہے، اور یہی وہ راستہ ہے جو سوشل میڈیا کو آزمائش کے بجائے ایک حقیقی نعمت بنا سکتا ہے۔

## انسانیت ایک مقدس جذبہ ہوتا ہے!



تحریر: جاوید بھارتی

انسانی معاشرہ محبت، اخوت، ہمدردی اور ایثار کے رشتوں پر قائم ہوتا ہے۔ جب لوگ ایک دوسرے کے دکھ درد کو اپنا دکھ درد سمجھتے ہیں، ضرورت مندوں کی مدد کرتے ہیں اور دوسروں کی خوشیوں میں شریک ہوتے ہیں تو معاشرہ ترقی کرتا ہے۔ لیکن افسوس کہ آج کے دور میں انسانیت بھی ایک تجارت بنتی جا رہی ہے۔ بہت سے لوگ انسانیت اور خدمت کے نام پر اپنے ذاتی مفادات حاصل کرنے لگے ہیں۔ یہی طرزِ عمل "دکانداری انسانیت" کہلاتا ہے۔

دکانداری انسانیت سے مراد یہ ہے کہ لوگ بظاہر ہمدردی، محبت اور خدمت کا لبادہ اوڑھ لیتے ہیں، مگر ان کے دل میں صرف اپنا فائدہ، شہرت، دولت یا اقتدار حاصل کرنے کی خواہش ہوتی ہے۔ وہ انسانیت کے نام پر دوسروں کے جذبات سے کھیلتے ہیں اور اپنے مفادات کی دکان چمکاتے ہیں۔ اس رویے نے معاشرے کی اخلاقی بنیادوں کو کمزور کر دیا ہے۔

قدیم زمانے میں انسانیت کی خدمت خالص جذبے کے تحت کی جاتی تھی۔ لوگ اپنے پڑوسیوں، رشتہ داروں اور غریبوں کی مدد صرف اللہ کی رضا اور انسانی ہمدردی کے جذبے کے تحت کرتے تھے۔ بیماروں کی تیمارداری، بھوکوں کو کھانا کھلانا اور مسافروں کی مدد کرنا ایک عظیم عبادت سمجھا جاتا تھا۔ اس زمانے میں خدمت کا مقصد نہ شہرت تھا اور نہ ہی مالی منفعت۔ لیکن جدید دور میں صورتِ حال کافی حد تک بدل چکی ہے۔

آج کے زمانے میں بعض لوگ فلاحی کاموں کو اپنی تشہیر کا ذریعہ بنا چکے ہیں۔ غرباء میں راشن تقسیم کرتے وقت تصاویر بنائی جاتی ہیں، بیماروں کی مدد کرتے وقت ویڈیوز سوشل میڈیا پر ڈالی جاتی ہیں اور چھوٹے چھوٹے نیکی کے کاموں کو بڑے بڑے اشتہارات کے ذریعے پیش کیا جاتا ہے۔ اس طرزِ عمل سے یہ احساس پیدا ہوتا ہے کہ انسانیت کے نام پر خدمت کم اور ذاتی مفاد زیادہ اہم ہو گیا ہے۔

سوشل میڈیا نے اس رجحان کو مزید فروغ دیا ہے۔ فیس بک، یوٹیوب، انسٹاگرام اور دیگر پلیٹ فارموں پر انسانیت کے نام پر بہت سا مواد شائع کیا جاتا ہے۔ اگرچہ ان میں سے کچھ کام واقعی قابلِ تعریف ہوتے ہیں، لیکن بہت سے لوگ صرف زیادہ سے زیادہ لائکس، ویوز اور شہرت حاصل کرنے کے لیے انسانیت کی دکان سجاتے ہیں۔ وہ محتاجوں اور مجبوروں کی مجبوریوں کو دنیا کے سامنے لا کر اپنے لیے تعریفیں سمیٹتے ہیں۔

دکانداری انسانیت صرف انفرادی سطح تک محدود نہیں بلکہ بعض ادارے اور تنظیمیں بھی اس بیماری کا شکار ہیں۔ بہت سی فلاحی تنظیمیں عوام سے چندہ اور امداد تو انسانیت کے نام پر جمع کرتی ہیں، مگر اس کا ایک بڑا حصہ انتظامی اخراجات یا ذاتی مفادات پر خرچ کر دیا جاتا ہے۔ اس کے نتیجے میں اصل مستحق افراد تک مناسب مدد نہیں پہنچ پاتی۔ ایسے واقعات سے لوگوں کا اعتماد مجروح ہوتا ہے اور وہ حقیقی خدمت گزاروں پر بھی شک کرنے لگتے ہیں۔

سیاسی میدان میں بھی انسانیت کی دکانداری عام ہوتی جا رہی ہے۔ انتخابات کے دنوں میں غریبوں کی مدد، بیماروں کے علاج اور عوامی مسائل کے حل کے بڑے بڑے دعوے کیے جاتے ہیں، مگر اقتدار حاصل ہونے کے بعد اکثر یہ وعدے بھلا دیے جاتے ہیں۔ عوام کی خدمت کے نعرے محض ووٹ حاصل کرنے کا ذریعہ بن جاتے ہیں۔ اس طرح انسانیت کا نام صرف ایک سیاسی ہتھیار بن کر رہ جاتا ہے۔

تعلیمی اداروں میں بھی بعض اوقات یہی رویہ دیکھنے کو ملتا ہے۔ کچھ لوگ تعلیم کو ایک مقدس فریضہ سمجھنے کے بجائے صرف کاروبار کا ذریعہ بنا لیتے ہیں۔ اسی طرح صحت کے شعبے میں بعض ڈاکٹر اور اسپتال مریضوں کی مجبوری سے فائدہ اٹھا کر ضرورت سے زیادہ فیس وصول کرتے ہیں۔ حالانکہ طب اور تعلیم دونوں انسانیت کی خدمت کے عظیم شعبے ہیں۔

دکانداری انسانیت کے فروغ کی کئی وجوہات ہیں۔ سب سے بڑی وجہ مادہ پرستی ہے۔ آج کا انسان دولت اور شہرت کے حصول کے لیے ہر ممکن راستہ اختیار کرنا چاہتا ہے۔ اس کے علاوہ اخلاقی تعلیم کی کمی، دینی اقدار سے دوری، مقابلے کی فضا اور سوشل میڈیا کا بڑھتا ہوا اثر بھی اس مسئلے کو جنم دیتا ہے۔ جب معاشرے میں اخلاص اور ایثار کی جگہ نمود و نمائش لے لیتی ہے تو انسانیت بھی ایک تجارت بن جاتی ہے۔

اسلام نے انسانیت کی خدمت کو بہت اہمیت دی ہے۔ قرآنِ کریم اور احادیثِ مبارکہ میں بار بار انسانوں کے ساتھ حسنِ سلوک، غریبوں کی مدد اور محتاجوں کی خبر گیری کا حکم دیا گیا ہے۔ حضور اکرمؐ نے فرمایا کہ بہترین انسان وہ ہے جو دوسروں کے لیے سب سے زیادہ فائدہ مند ہو۔ اسلام میں نیکی کی بنیاد اخلاص پر رکھی گئی ہے۔ اگر کوئی شخص صرف دکھاوے یا ذاتی مفاد کے لیے نیکی کرے تو اس کی اصل روح ختم ہو جاتی ہے۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمان غنیؓ اور حضرت علیؓ کی زندگیاں انسانیت کی بے لوث خدمت سے بھری ہوئی ہیں۔ انہوں نے ہمیشہ لوگوں کی مدد کی، مگر کبھی اس کا ڈھنڈورا نہیں پیٹا۔ یہی وہ اعلیٰ کردار ہے جس سے آج کے معاشرے کو سبق لینے کی ضرورت ہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم انسانیت کو تجارت بننے سے بچائیں۔ ہمیں اپنے بچوں کی تربیت اس انداز میں کرنی چاہیے کہ وہ خدمتِ خلق کو محض شہرت اور دولت کا ذریعہ نہ سمجھیں بلکہ اسے ایک اخلاقی اور دینی ذمہ داری تصور کریں۔ تعلیمی اداروں میں اخلاقی تعلیم کو فروغ دیا جائے اور میڈیا کو بھی چاہیے کہ وہ خالص خدمت کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کرے۔

ہر فرد کو چاہیے کہ وہ اپنی نیت کا جائزہ لے۔ اگر ہم کسی غریب کی مدد کریں، کسی بیمار کی عیادت کریں یا کسی مجبور کا سہارا بنیں تو اس کا مقصد صرف انسانیت اور اللہ کی رضا ہونا چاہیے۔ جب نیکی صرف نمائش کے لیے کی جائے تو وہ اپنی اصل قدر کھو دیتی ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ دنیا میں آج بھی بے شمار لوگ ایسے موجود ہیں جو خاموشی سے انسانیت کی خدمت کر رہے ہیں۔ وہ نہ تصاویر بنواتے ہیں، نہ تعریف کے خواہش مند ہوتے ہیں اور نہ ہی کسی صلے کے منتظر رہتے ہیں۔ ایسے ہی لوگ معاشرے کا اصل سرمایہ ہیں۔ ان کی بدولت انسانیت آج بھی زندہ ہے۔

آخر میں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ انسانیت کوئی کاروبار نہیں بلکہ ایک مقدس جذبہ ہے۔ اگر اسے ذاتی مفادات، شہرت اور دولت کے حصول کا ذریعہ بنا لیا جائے تو معاشرے میں اخلاص، محبت اور اعتماد ختم ہو جاتا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم انسانیت کی خدمت کو خلوصِ نیت، محبت اور ایثار کے جذبے کے ساتھ انجام دیں تاکہ ایک بہتر، مہذب اور خوش حال معاشرہ وجود میں آ سکے۔ یہی حقیقی انسانیت ہے اور یہی ایک باوقار زندگی گزارنے کا راستہ ہے۔

+++++++++++++++++

جاوید اختر بھارتی (سابق سکریٹری یوپی بنکر یونین)
محمد آباد گوہنہ ضلع مئو یوپی

